پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

پولیس بغیر ماسک گھومنے والوں کی حوصلہ شکنی کرے : پروفیسر الفرید ظفر

کورونا کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ لمحہ فکریہ ہے ،حفاظتی اقدامات یقینی بنانا ہوں گے

طبی ماہرین کی سفارشات اہمیت کی حامل ہیں ، ہر شہری کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا

سڑکوں پر گرد وغبار سے اٹے ہوئے حفاظتی ماسک فروخت کرنے والے جراثیم پھیلانے کا باعث بن رہے ہیں:ممبر ٹاسک فورس

لاہور 23اپریل:۔۔۔۔۔وفاقی وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی بنائی گئی کورونا ٹاسک فورس کے ممبر پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ کورونا کی وبا کے پیش نظر حالیہ اعداد وشمار اور مریضوں کی تعداد میں اچانک اضافہ ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ سینئر طبی ماہرین کے پیش کردہ خدشات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ہر طرح کے حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ پولیس اور دیگر اداروں کو ماسک کے بغیر سڑکوں پر آنے والے شہریوں کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے اور انہیں اس امر کا پابند بنانا چاہیے کہ وہ بلاضرورت گھر سے باہر نہ نکلیں۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت نے کورونا کی روک تھام کے لئے اپنے طور پر ہر ممکن قدم اٹھایا ہے جبکہ ہسپتالوں میں بھی کورونا کے مریضوں کے لئے علیحدہ اور خصوصی اقدامات یقینی بنائے گئے ہیں لیکن کورونا کی وبا کی شدت کو سامنے رکھتے ہوئے اس مرض سے بچنے کے لئے ہم سب کو اسے سنجیدگی سے لینا ہوگا اور بالخصوص مئی کے مہینے میں ممکنہ اضافے کی وارننگ کو سامنے رکھنا ہوگا۔

پروفیسر الفرید ظفر نے نشاندہی کی کہ سڑکوں پر گرد وغبار سے اٹے ہوئے حفاظتی ماسک بیچنے والے خود جراثیم پھیلانے کا باعث بن رہے ہیں۔اسی طرح زبردستی کاروباری سرگرمیاں شروع کرنے والے بھی کورونا سے بچاؤ میں کوتاہی کا شکار ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی ٹاسک فورس برائے کورونا اپنی جگہ روزانہ کی بنیاد پر صورتحال کو مانیٹر کررہی ہے اور حکومتی اداروں اور شہریوں کو اس مرض سے بچاؤ کے لئے آگاہی اور تجاویز فراہم کی جارہی ہیں۔پروفیسر محمد الفرید ظفر نے امید ظاہر کی کہ انشاءاللہ اگر شہریوں نے تعاون کیا اور حفاظتی اقدامات کو زیادہ سے زیادہ یقینی بنایا گیا تو کورونا کی وبا سے نمٹنا آسان ہوجائے گا۔

☆☆☆☆